شیخ الحدیث حضرت مولانا اسفندیار خان کی آمد:

۲۵۔اکتوبر کو جامعہ دارالخیر کراچی کے بانی و مہتمم پیر طریقت شیخ الحدیث حضرت مولانا اسفندیار خان صاحب دارالعلوم تشریف لائے۔حضرت مہتمم سمیت دیگر سے ملاقات کی۔دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کے معائنے کے ساتھ ساتھ ایوان شریعت ہال میں طلبہ دورہ حدیث سے مختصر فکر انگیز اصلاحی خطاب بھی فرمایا اور خاندان حقانی کے ساتھ مرحوم شفیق الدین فاروقی کی تعزیت بھی کی۔اس موقع پر حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے ایوان شریعت میں حضرت مولانا مدظلہ کا خیرمقدم کیا اوران کے قابل وفاضل جواں سالہ شہید صاحبزادے مفتی مولانا عثمان یار خان کے لئے مجمع سے دعائے مغفرت بھی کرائی اورانہیں بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔

وزیرداخلہ پنجاب کرنل شجاع خانزادہ کی مہتمم صاحب سے ملاقات:

۲۶۔اکتوبر۲۰۱۴ء کو وزیرداخلہ پنجاب کرنل (ر) شجاع خانزادہ نے دارالعلوم میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کی۔ملاقات میں ملک کے عمومی حالات کے علاوہ محرم الحرام میں امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ملاقات میں جمعیۃ کے صوبائی امیر مولانا سید یوسف شاہ اور راقم بھی موجود تھا۔

موٹروے پولیس کا طلبہ سے ٹریفک قواعد پر لیکچر:

۲۷۔اکتوبر کو موٹروے پولیس کے افسران بالا نے دارالعلوم میں طلبہ کو ٹریفک کے قواعد وضوابط اوراحتیاطی تدابیر پر تفصیلی لیکچر دیا اوران کو متعلقہ اصول وقوانین بتائے۔

حضرت مہتمم صاحب کا سفرحج ومصروفیات:

حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ ۲۳ستمبر کو سعودی حکام کی دعوت پر حج پر تشریف لے کر گئے تھے، آپ کے علاوہ سفر حج پر دارالعلوم کے اساتذہ ،راقم السطور،مولانا مفتی مختار اللہ حقانی، ناظم تعلیمات مولانا وصال احمد،مولانا لقمان الحق حقانی،مولانا عرفان الحق حقانی، مولانا مفتی شیر عالم، مولانا محمد اسرار،مولانا سیداحمد شاہ،مولوی اسامہ سمیع،مولوی خزیمہ سمیع نے حج کی سعادت حاصل کی۔

- ۱۹راکتوبر کو مولانا صاحب حسین حقانی اور شاہ حسین حقانی کی شادی کی تقریب میں شرکت کیلئے تخت آباد پشاور تشریف لے گئے۔وہاں پر فاضل دیوبند حضرت مولانا مطلع الانوار سے تفصیلی گفتگو و ملاقات کی۔آپ کے ہمراہ مولانا سید یوسف شاہ صاحب،مولانا راشدالحق صاحب،مولانا عبدالحسیب صاحب اورمولانا لقمان الحق صاحب تھے۔